رہبر معظم کا حجۃ الاسلام والمسلمین غیوری کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 20 /Dec/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے پرہیزگآر اور خدمتگزار عالم دین حجۃ الاسلام والمسلمین حا ج سید علی غیوری کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسامی کے تعزیتی پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرہیزگار اور خدمتگزار عالم دین مرحوم حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ حاج سید علی غیوری رحمہ اللہ علیہ کے انتقال پر ان کے محترم و معزز خاندان ، پسماندگان، دوستوں اور تہران کے محترم علماء اور عوام کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں ۔ مرحوم نے اپنی تمام بابرکت عمر نیاز مندوں، فقیروں اور عوام اور انقلاب کی خدمت میں بسر کی ۔ انقلاب اور اسلامی نظام کے ساتھ وفاداری اور اس سلسلے میں مرحوم کی بے دریغ تلاش و کوشش اس بزرگ سید کی نمایاں خصوصیت تھی اور مرحوم نے اس راہ میں اپنے فرزند برومند کی قربانی بھی پیش کیۓ مرحوم نے گوناگوں عہدوں پر انقلاب، اسلام اور ملک کی بھر پور خدمت کی اور اپنی زندگی کو خوش نامی اور نیکنامی کے ساتھ سرانجام تک پہنچایا۔ عاش سعیدا و مات سعیدا۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے درجات کی بلندی ، رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

29/آذرماہ/ 1393